Subject: بس خدمات فراہم کنندگان کے لیے ٹاؤن ہال (عوامی اجلاس) میں NYCPS کے ساتھ شریک ہوں

NYC پبلک اسکول کے عزیز اہلِ خانہ،

نیویارک شہر پبلک اسکولز کا دفتر برائے طالب علم آمد و رفت آپ کو منگل، 1 دسمبر 2026 کو شام 6:00 بجے Queens Innovation Center واقع: 16 Northern Boulevard, Woodside, NY 11377-53 میں منعقد ہونے والے بس خدمت فراہم کنندہ ٹاؤن ہال میں شرکت کی پُرخلوص دعوت دیتا ہے۔

آپ کے بچے کی روزانہ کی آمد و رفت ان کے اسکول کے تجربے کا ایک اہم حصہ ہے۔ یہ ٹاؤن ہال آپ کو بس خدمت فراہم کنندگان سے براہِ راست بات کرنے، اپنے سوالات پوچھنے، رائے دینے اور بچوں کی اسکول بس خدمات کے بارے میں اپنے مسائل یا تحفظات سامنے رکھنے کا ایک بہترین موقع فراہم کرتا ہے۔

ٹاؤن ہال دو حصوں پر مشتمل ہے:

- حصہ 1: OPT تازہ ترین معلومات فراہم کرے گا اور ان عام سوالات اور موضوعات کا جواب دے گا جو خاندانوں کی جانب سے پہلے سے جمع کروائے جائیں گے۔
- حصہ 2: جو خاندان اس تقریب میں ذاتی طور پر (بذات خود) شرکت کریں گے، انہیں اپنے بچوں کے انفرادی مسائل یا اسکول بس سے متعلق مخصوص امور پر براہِ راست بس خدمت فراہم کنندہ کے نمائندوں سے بات چیت کرنے کا موقع ملے گا۔

خاندان ذاتی موجودگی یا ورچوئلی شرکت کر سکتے ہیں۔ بس خدمت فراہم کنندہ ٹاؤن ہال کے ویب صفحے پر براہِ راست نشریات کا لنک دستیاب ہو گا (https://www.schools.nyc.gov/school-life/transportation/transportation-overview/whats-new/bus-vendor-town-hall)۔

تقریب کی منصوبہ بندی میں ہماری مدد کے لیے، ہم خاندانوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ پیشگی اندراج کروائیں۔ اندراج، کوئی سوال یا تبصرہ جمع کروانے، اور تقریب کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، براہ کرم بس خدمت فراہم کنندہ ٹاؤن ہال کے ویب صفحے (https://www.schools.nyc.gov/school-life/transportation/transportation-overview/whats-new/bus-vendor-town-hall) پر جائیں۔

ہم قابلِ اعتماد اسکول آمد و رفت کے ذرائع کی اہمیت کو سمجھتے ہیں اور ان تمام خاندانوں کی رائے اور نقطہ نظر کی قدر کرتے ہیں جن کو ہم خدمت فراہم کرتے ہیں۔ ہم آپ کی شرکت کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں تاکہ آپ بس خدمت فراہم کنندگان سے براہِ راست اپنے مسائل، سوالات اور تجاویز کا تبادلہ کر سکیں۔ NYC پبلک اسکولز کے بچوں کے لیے محفوظ اور با اعتماد آمد و رفت کو یقینی بنانے میں ہمارے ساتھ تعاون کرنے کا بے حد شکریہ۔

ہم آپ کے جواب کے منتظر ہیں۔

بخلوص،

نیو یارک شہر پبلک اسکولز